نوٹ : سبھی سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

**1.** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک پر مضمون لکھئے : 7

صبح کی سیر۔ علم کی اہمیت۔ پسندیدہ کھیل۔

**2.** مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تعریف لکھئے : 5

حسنِ تعلیل۔ تلمیح۔ مبالغہ

**3.** مندرجہ ذیل لفظوں کے متضاد (اُلٹ) لکھئے : 8

نیکی۔ رات۔ خوش حالی۔ روشنی۔ مشرق۔ زندگی۔ عورت۔ برباد۔

**4.** مندرجہ ذیل میں سے کسی تین لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجئے : 6

صورت۔ داستان۔ دشوار۔ پالن ہار۔ فوج۔ قطار۔

**5.** مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے : 6

اے شریف انسانوں۔ کاٹھ کا گھوڑا۔ نئی روشنی۔

**6.** مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھ کر نیچے دیۓ گئے سوالوں کے جواب لکھئے : 10

مرزا کے اخلاق نہایت وسیع تھے۔ وہ ہر شخص سے جو اُن سے ملنے جاتا تھا بہت کشادہ پیشانی سے ملتے تھے۔ جو شخص ایک دفعہ ان سے مل آتا تھا اس کو ہمیشہ ان سے ملنے کا اشتیاق رہتا تھا۔ دوسرے کو دیکھ کر وہ باغ باغ ہو جاتے تھے۔ اس لئے ان کے دوست ہر اک ملّت اور ہر مذہب کے نہ صرف دہلی میں بلکہ تمام ہندوستان میں بے شمار تھے۔

**سوالات :**

(i) مرزا کے اخلاق کیسے تھے؟

(ii) وہ ہر ایک شخص سے کیسے ملتے تھے؟

(iii) وہ دوستوں کو دیکھ کر کیسا محسوس کرتے تھے؟

(iv) جو اُن سے ایک بار ملتا تھا اس کو کیا ہوتا تھا؟

(v) ان کے دوست کہاں کہاں تھے؟

(vi) ان کے کتنے دوست تھے؟

**7.** مندرجہ ذیل میں سے کسی دس لفظوں کے معنی لکھئے : 10

آتش فشاں۔ ساخت۔ داستان۔ کھوہ۔ قدیمی۔

امید برآنا۔ تنظیم۔ شعور۔ باتمیز۔ بساط۔ نکمّی۔

نری۔ پست۔

**8.** مندرجہ ذیل میں سے کسی دو اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھئے : 6

(i) موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

(ii) آگے آتی تھی حالِ دل پہ ہنسی
اب کسی بات پر نہیں آتی

(iii) ہے کچھ ایسی ہی بات جو چپ ہوں
ورنہ کیا بات کر نہیں آتی

**(یا)**

ساحر لدھیانوی کی شاعری کی خصوصیات لکھئے۔

**9.** مندرجہ ذیل لفظوں کے چار چار جوابات دئے گئے ہیں ان میں سے صحیح جواب چنکر اپنی کاپی پر لکھیں : 10

(i) تحریر :

(a) تشریح (b) عبارت

(c) لکھاوٹ (d) بناوٹ

(ii) ساخت :

(a) پہچان (b) بناوٹ

(c) بیان (d) قدیم

(iii) ورزش :

(a) وزن (b) پرورش

(c) کسرت (d) تفریح

(iv) کلاہ :

(a) ٹوپی (b) کرتا

(c) پائجامہ (d) قمیص



1,200

(v) عالم :

(a) عاقل (b) علم والا

(c) حاکم (d) جاہل

(vi) فتح :

(a) ہار (b) سکون

(c) جیت (d) لڑائی

(vii) حسد :

(a) جلن (b) محبت

(c) ساتھ دینا (d) چلن

(viii) ساکت :

(a) بےچین (b) بےایمان

(c) بےحرکت (d) بےشعور

(ix) واحد :

(a) ایک (b) نیک

(c) دو (d) اچھا

(x) زیست :

(a) زندگی (b) بندگی

(c) نمائندگی (d) جنگی

**10.** مندرجہ ذیل سوالوں کے جوابات لکھئے : 6

(i) رضیہ سلطان کس بادشاہ کی بیٹی تھی؟

(ii) رضیہ کی فوج کا مقابلہ کس سے ہوا؟

(iii) اونتی نے زمین کا مرکز کہاں بتایا؟

(iv) سعادت علی کیسا آدمی تھا؟

(v) لوگ سفید چھڑی کیوں رکھتے ہیں؟

(vi) بندو کو کاٹھ کا گھوڑا کیوں کہا گیا ہے؟



1,200

6

**11.** مندرجہ ذیل دئے گئے لفظوں سے خالی جگہوں کو بھرئے :

حرکت۔ سوانگ۔ رفتار۔ ساکت۔ شخصیت۔

(i) ساری دنیا کی .................. دھیمی پڑ گئی۔

(ii) ان کھلونوں کے سامنے اس کا کاٹھ کا گھوڑا .................. بے جان تھا۔

(iii) اس نے بھی اپنے گھوڑے کو ٹانگوں کے بیچ پھنسا کر دوڑنے کا ................ کیا تھا۔

(iv) وہ بے جان کاٹھ کا گھوڑا اس کی .................. سے چپک کر رہ گیا تھا۔

(v) اس کے پاؤں میں .................. آئے تو زندگی آگے بڑھے۔

---